ہلنگڈن کے میئر اور میئرس کی سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات

8؍اپریل 2014ء بروز منگل کی شام لندن کے علاقہ ہلنگڈن (Hillingdon) کے میئر کونسلر ایلن کوف مَین (Councillor Allan Kauffman) اور ان کی اہلیہ میئرس لِن کوف مَین (Lynne Kauffman) عالمگیر جماعتِ احمدیہ مسلمہ کے سربراہ حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرفِ ملاقات حاصل کرنے کے لیے مسجد فضل لندن تشریف لائے۔

ان معزز مہمانوں نے 11؍فروری 2014ء کو گِلڈ ہال (لندن) میں منعقد ہونے والی مذاہبِ عالم کانفرنس میں حضورِ انور کا معرکۃ الآراء خطاب سننے کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ سے ملاقات کرنے کی درخواست کی تھی۔

قریباً آدھ گھنٹہ تک جاری رہنے والی اس ملاقات میں حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مذہب اور اس کی اہمیت پر بات کی۔ نیز ہر فردِ واحد کے اپنے مذہب کو بہتر طور پر سمجھنے اور اس پر عمل پیرا ہونے پر زور دیا۔

حضورِ انور نے فرمایا کہ ایک انسان اسی وقت اپنے مذہب کی تعلیمات پر کما حقہٗ عمل پیرا ہوسکتا ہے جب وہ اسے درست طور پر سمجھتا بھی ہو۔

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ بین المذاہب ڈائیلاگ بہت اہمیت کے حامل ہیں اور اس کے لئے تمام مذاہب کے نمائندوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر ایک دوسرے کے نظریات وعقائد کو درست طور پر سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اس ملاقات کے دوران میئر نے اس حقیقت کا ذکر کیا کہ آج کی دنیا بہت زیادہ مادہ پرست ہوگئی ہے۔ جس پر حضورِ انور نے فرمایا کہ

''یہ بات درست ہے، لیکن اس بات میں بھی شک نہیں کہ مادی دنیا اور مذہب ایک دوسرے سے مختلف نہیں بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ قدم بقدم چل سکتے ہیں بشرطیکہ ہر آدمی اپنے مذہب کی حقیقت سے آشنا ہو۔''

اس ملاقات کے دوران حضورِ انور ایدہ اللہ نے ان دونوں معزز مہمانوں کو جلسہ سالانہ انگلستان 2014ء میں شرکت کی دعوت دی۔ میئر نے عرض کیا کہ جس وقت یہ جلسہ منعقد ہوگا اس وقت میں میئر نہیں رہوں گا۔ حضورِ انور ایدہ اللہ نے جواباً فرمایا کہ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ چاہے آپ میئر نہ بھی رہیں جماعت آپ کی مہمان نوازی کرنے میں خوشی محسوس کرے گی۔

حضورِ انور نے فرمایا:

''ہم ایک دفعہ دوستی کا ہاتھ بڑھا دیں تو اسے کبھی واپس نہیں لیتے بلکہ اس دوستی کو مضبوط سے مضبوط تر کرتے چلے جاتے ہیں۔''

اس ملاقات کے اختتام پر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے معزز مہمانوں کو حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تصنیفِ لطیف 'اسلام کا اقتصادی نظام' کا انگریزی ترجمہ تحفۃً عطا فرمایا جو 'The Economic System of Islam' کے عنوان سے حال ہی میں شائع ہوا ہے۔ حضورِ انور نے ازراہِ شفقت اس کتاب پر دستخط فرمائے تو میئر اور میئرس نے کہا کہ وہ اس کتاب کو ایک یادگار تحفہ کے طور پر ہمیشہ محفوظ رکھیں گے۔

ملاقات کے بعد مہمانوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

'مجھے حضور سے مل کر بہت خوشی ہوئی اور حضور کی اس بات نے بہت متاثر کیا کہ' آپ سے دوستی صرف میئر ہونے کی وجہ سے نہیں۔'

میئر نے مزید کہا کہ:

''حضورِ انور ایک نہایت شفیق، محبت کرنے والی اور پُرکشش شخصیت کے حامل ہیں۔ ہم بجا طور پر خوش قسمت ہیں کہ ہمیں حضورِ انور سے شرفِ ملاقات حاصل ہوا۔''

میئرس نے کہا:

''حضور کی شخصیت کے وقار اور آواز کے دھیمے پن سے کوئی بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا!''۔